کہ مدتون تک اس مرض کا علاج کرنیکی ضرورت پڑتی ہے اور بہتر علاج یہ ہے کہ زیادہ مقدار میں آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم یعنی دس دس گرین تین تین بار عنایت کرین اور عضلات ماؤفہ پر بستر اور بستہ دونون تک ٹنکچر آف آیوڈین لگائین ؛

ڈاکٹر ہارٹس ہارن صاحب Dr Hartshorne, فرماتے ہین کہ اس مرض مین مقامی علاج زیادہ مفید ہے چنانچہ آئیل آف ٹرپن ٹائین یا ساسافراس یا ایمونیا اور لاڈنم۔ سوپ لینمنٹ مین ملاکر اور درد شدید ہو تو کونائیٹ یا کلوروفارم لینمنٹ کا مالش کرنا بہتر ہے۔ اور سخت مریض ہو تو بلسٹر لگانے سے اور جوڑون مین درد ہو اور حرکت نہ ہو سکتی ہو تو آب گرم کا ترشح دیجیے یا بعض اوقات دیر پا بلسٹر سے فائدہ ہو

ڈاکٹر فلر صاحب Dr Fuller, London. فرماتے ہین کہ لمبیگو ہو تو بحالت قبض مسہل دینا چاہیے لیکن پاخانہ صاف رہتا ہو اور رنگ ہلکا تو اسکا دینا مضر ہے بلکہ پٹھہ پر خشک سینگیان لگانے۔ کاربونیٹ آف سوڈا یا کار آف پوٹاس پانی مین ملاکر اسکا غسل دیجیے۔ الکالائین اور اپیئم کے سولیوشن مین فلالین بھگو کر پر باندھ کر اوپر سے گٹا پرچا باندھئے اور عرقیات مندرجہ ذیل کی مالش کرنے سے فائدہ ہوتا ہے

نسخہ

℞.

آئیل آف کیجوپٹ	۲ ڈرام	Olei cajuputi,
لاڈنم	۲ ڈرام	Tr. opii aa f. ℥ii
آئیل آف ٹرپن ٹائین	چار ڈرام	Olei terebinthi. f. ℥iv
ایمونیا لینمنٹ	ایک اونس	Linimenti ammoniae. f. ℥i - ۱۱۸

سبکو ملا کر مقام ماؤف پر مالش کریں For a liniment

نوع دیگر

R

سو لیوشن آف ایمونیا	ایک ڈرام	Liqr. ammoniae f. ʒi
ٹنکچر آف اوپیم	۲ ڈرام	Tr. opii. f. ʒii
ٹنکچر آف کینتھرائیڈس	۳ ڈرام	Tr. cantharides f. ʒiii
سوپ لنیمنٹ	۱۰ ڈرام	Linimenti saponis f. ʒx

سبکو ملا کر مقام ماؤف پر مالش کریں M. For a liniment

ڈاکٹر ایٹکن صاحب Dr. W. Aitken.

دینا کو مرض درج سفاصل مین مثل کر جن مریضونکو پسینہ نہ آتا ہو یہ نسخہ مفید ہی

نسخہ

R

گوئکم پوڈر	ایک اونس	Pulv. guaiaci, ʒi
روبرب پوڈر	۲ ڈرام	Pulv. rhei, ʒii
بائی ٹارٹریٹ آف پٹاس	ایک ڈرام	Potassii bitartras
سبلائمڈ سلفر	ایک ڈرام	Sulphur sublimatum ʒi
پلس مسکیٹا	۲ ڈرام	Pulv. nucis moschatae ʒii
ہنی یعنی شہد	ایک پونڈ	Mellis lb. i.

سبکو ملا کر ایک ٹیبل اسپون قبل صبح شام پلائیں M. Two large spoonfuls to be taken night & morning.

نسخہ بندرجہ ذیل بھی مرض درج سفاصل مین مفید ہی

Rx. نسخہ

Pulv. guaiaci resin. — ۱۰ گرین — پوڈر آف رزن آف گوئیکم

Potass. iodidi, aa gr x — ۱۰ گرین — آئیوڈائیڈ آف پٹاسیم

Tr. colchici sem. min. f. 30 — نصف ڈرام — ٹنکچر آف کالچیکم

Aq. cinnamomi, — سب ملا کر

Syrupi aa q. s. ad f ℥ j — سیرپ اتنا کہ ایک اونس ہو جائے

M. A dessert spoonful thrice daily — سب کو ملا دیں اور اس میں سے ایک ڈزرٹ اسپون ... تین بار دیں

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں

کہ جب جوڑوں میں درد ہو تو وہاں تیل ملنا جونک یا بلسٹر لگانا۔ گرم حمام میں غسل کرانا۔ اسکو ... وقت دس گرین ڈوورس پوڈر دینا۔ آتشک کے سبب ہو تو یہ نسخہ پلانا مفید ہے

Rx. نسخہ

Potassii iodidi, gr ii — ۲ گرین — آئیوڈائیڈ آف پٹاسیم

Decoc. sarsaparillae f ℥ j — ایک اونس — ڈی کاکشن ...

M. This three times a day — یہ ایک مقدار ہے ایسی ایک مقدار دن میں تین بار دیں

Relapsing fever.

ری لیپسنگ فیور

اسکو ری لیپسنگ فیور کے علاوہ انگریزی مین فیمن فیور یا ٹائیفس یا عربی مین حمی نکساتی [illegible]
مین عود کرنیوالا تپ کہتے ہین۔ اس بخار کی بابت اطبا بہت کچھ بحث کرتے ہین کوئی تو اسکو
علیحدہ قسم کا بخار تصور کرتا ہے اور کوئی ٹائیفس ہی سمجھتا ہو بہرحال یہ ٹائیفس قسم کا بخار ہے جو اکثر
قحط کے دنون مین لرزہ کے ساتھ چڑہکر تین دن تک رہتا ہو اور یکایک رفع ہو کر ایک ہفتہ بعد
عود کر آتا ہے۔ عموماً اسکی یہ علامات ہوتی ہین ۔

اچانک شدت کا جاڑا چڑہکر پیشانی مین درد و اعضا شکنی و بخار و قبض۔ پیشاب گرم
و سرخ نبض تیز و زبان میلی ہونا۔ شریانون کا تڑپنا۔ روشنی و آواز کی برداشت
نہونا۔ نیند نہ آنے جوڑون مین شدید درد ہونا۔ تیسرے دن سے پانچوین دن تک
یرقان کی علامات کا ظاہر ہو جانا۔ پیاس کی زیادتی۔ بہوک قبض شکم درد سر جگر و تلی
بعینہ کا بدستور قائم رہنا۔ پانچوین چہٹے روز اس سے پہلے کثرت سے پسینہ آکر آرام معلوم
ہونا۔ کاہے پسینہ کے ساتھ چہوٹے چہوٹے شفاف دانے بدن پر ان مین نکل آنا۔ مرض اسہال
ہو جانا۔ اسہال کا یا عورتون کے رحم یا کسی اور جگہ سے خون [illegible] عورت کو حمل
ہو تو اسکا اسقاط ہو جانا۔ بعد پسینہ آنیکے آرام ہو کر قریب قریب فیصدی ننانوے آدمیون
کو ایک یا دو ہفتہ بعد پہر بخار چڑہکر سب علامات مذکورہ ہذیان کا لاحق ہونا اور آہستہ آہستہ
کلاپس کی علامات ہو کر مریض کا مرجانا۔ یا انیمیا و ضعیف گی قلب یا ورم بلا پیچش یا اسہال
یا نخنہ پر ورم یا عورتون کو عسر البول ہو جانا رفتہ رفتہ آرام پانا وغیرہ ۔

علاج

ڈاکٹر مرچیسن صاحب Dr. Murchison فرماتے ہیں کہ چونکہ اکثر اس مرض میں یوریمیا باعث ہلاکت ہوتا ہے بدینوجہ گردون کا فعل زیادہ کرنیکے لئے یہ نسخہ دینا چاہئے ۔

نسخہ

℞

Spts. aetheris nitrici dulcis f. ʒii.	۲ ڈرام	نائیٹرک ایتھر
Acidi nitrici diluti, f. ʒi.	ایک ڈرام	ڈالیوٹ نائیٹرک ایسڈ
Syr. simplicis f. ℥j.	ایک اونس	سمپل سیرپ
Decocti hordei f. Oij.	۲ پائینٹ	ڈکاکشن آف بارلی

M.

To be taken in 24 hours. — یہ سب دوا تھوڑی تھوڑی کرکے چوبیس گھنٹہ کے اندر پلا دیں ۔

اگر یرقان کی علامات نمایان ہون تو نسخہ مذکورہ بالا مین بجائے نائیٹرک ایسڈ کے ہیڈرو کلورک ایسڈ کا استعمال کرنا چاہئے ۔

ڈاکٹر ہارٹ شارن صاحب Dr. Hartshorne, فرماتے ہین کہ ابتدا مرض مین ایک ہلکا مسہل دین ۔ درد سر شدت سے ہو تو گدی یا کنپٹیوں پر جونکین یا سینگیان لگائین ۔ رفع بحران کے فایدہ کے واسطے سائیٹریٹ آف پوٹاش یا ایسیٹیٹ آف امونیا کا استعمال کرین ۔ بحران کا دن یعنی ساتوان یا آٹھوان روز جب گذر جائے تب کونین دینا شروع کرین اور برابر دیتے رہین مگر صرف کونین سے ہی مرض مین

جاتا رہتا بلکہ بعضونکو تیسرے ہفتہ میں الکوہالک اسٹمولنٹ اینٹی فیبرین وغیرہ دینے کی ضرورت پڑتی ہے ❊

طریق مروجہ اسپتال شہر ریگا City Hospital Riga

اس سپتال میں تخمیناً دو ہزار مریضوں کا علاج کرنے سے یہ نتیجہ حاصل ہوا ہے کہ کونین و ٹیمورین و اسٹروفینٹ ازمین سے کچھ فایدہ نظر نہ آیا تو علامات کے بموجب علاج کرنا شروع کیا تو مفید ہوا یعنی بحالت بخار تیز اسپرٹ لحاظ درجہ شدت درمیان میں مرکبات فولاد و شراب قلیل المقدار باندھی و پرورش کنندہ غذا مثلاً دودھ و انڈے و گوشت وغیرہ دیا گیا۔ تے روکنے کو برف کے ٹکڑے یا تین گرین سے پانچ گرین تک سبنائٹریٹ آف بسمتھ۔ ڈیڑیلا کے بعد کرینکو اول افیون اور بعدہٗ تین گرین سے پانچ گرین تک ٹینن کا استعمال کیا۔ شاذ و نادر جہان خون ہوا تو آب برف کی پچکاری دینے اور سینہ و گردن پر برف لگانے و ارگٹ کی پچکاری زیر جلد کرنیکی ضرورت پڑی آرام ہوتے وقت مریض نے عضلاتی درد کی شکایت کی تو گرم غسل کرایا گیا اور کلوروفارم ملوا کر اسے رفع کیا۔ طحال کے مقام پر درد بیان کیا تو وہان برف کی تھیلی لگائی۔ بیخوابی کی شکایت کو پانچ گرین سے چودہ گرین تک کلورل دیکر دور کیا گیا ❊

ڈاکٹر رحیم خانصاحب Dr. Rahim Khan

[illegible] کر ختم ہوتی ہو تو تھوڑی دیر تک اُسے جاری رکھنا اور جو نہ آتی ہو تو [illegible] دوا دیکر تے کرانا۔ بعدہٗ کالوسنتھ ریوند و فیکن کا جلاب دینا۔ جگر و طحال کے مقام پر درد ہو تو وہان جونکین لگانا۔ درد سر رفع کرنیکو سر پر برف کا پانی رکھنا۔ پیشاب کم ہوتا ہو تو مدرات کا دینا۔ پسینہ لانیکے لئے معرقات کا استعمال کرنا۔ ہیجیش ہو تو افیون کی پچکاری کرنا۔ تخفیف کیوقت قبض نہونے دینا۔ مرض خفیف ہو تو کونین اور ایسڈ کا استعمال کرنا اس مرض کا علاج ہے ❊

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston ۔ فرماتے ہیں
کہ ایک اونس روغن بیدانجیر پینے کے بعد ڈوسنگ ڈرافٹ پلانا ۔ سر میں درد و اجتماع خون ہو
تو جونکیں لگانا ۔ بدن پر سرکہ و پانی اسفنج سے ملا کر لگانا ۔ اسی طرح پیشاب ہونے کے لیے
نسخہ دینا مناسب ہے ۔

نسخہ

Rx.

Nitrate of potash.	ℨiii	۳ ڈرام	نائیٹریٹ آف پاٹاس
Vinegar	℥ii	۲ اونس	وینگر
Decoc. barley Oii		۲ پائینٹ	ڈکاکشن آف بارلی
Sugar	q.s.	حسب ضرورت	مصری

اس سب دوا کو تھوڑا تھوڑا کر کے ایک دن رات
میں پلا دیں ۔

پیشاب کے اور پاخانہ کرنیکے لئے ہر شب ڈوورس پوڈر بمقدار پندرہ گرین دینا اور کمزوری زیادہ ہو تو حار ادویات کا استعمال کرنا چاہیے ۔ اور کونین سے اس بخار میں کچھ فایدہ نہیں ہوتا ۔

Sciatica.

سائیٹکا

اس کو عربی میں عرق النسا اور ہندی میں رینگن باے کہتے ہیں یہ عصبی درد ہے جو سائیٹک نامی عصب میں اسکی جڑ میں بعض بیماریوں کے سبب دباو پہنچنے یا آتشک یا گنٹھیا یا نقرس کی سبب سے ہم میں ہوتا ہے یا سردی لگنے سے ٹیس کے ساتھ چوتڑ سے لیکر گھٹنے اور کبھی ٹخنہ تک ہوتا ہے اور رات میں آرام ہوتا ہے اور مریض اور حکیم کو بہت دق کرتا ہے ۔

علاج

اخبار پریکٹشنر فروری ۱۸۹۲ع

وجع مفاصل یا نقرس کے سبب سے عرق النسا ہو تو مندرجہ ذیل نسخے مفید ہوتے ہیں ۔

نسخہ

Rx.

Potass. bicarb. — بائی کاربونیٹ آف پوٹاش دس سے بیس گرین

Potass. iodid. aa gr. x – xx — آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم دس سے بیس گرین

Aquae q.s. — پانی ۱/۲ اونس

m.

...samt. thrice daily. — شکل دوا میں ایک خوراک ایسی تین خوراک دن میں تین دفعہ دیں ۔

Rx.

نسخہ دیگر

Tr. colchici, m x — ۱۰ قطرے — ٹنکچر آف کالچیکم

Pulv. opii gr. j. — ایک گرین — افیم پوڈر

پانی — Aquae, q.s. ad ℥ i — حسب ضرورت

یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک دن میں تین دفعہ دیں۔ — This three times a day.

نسخہ دیگر

℞

ٹنکچر آف اکونایٹ — Tr. aconit. rad. m x — ۱۰ قطرے

آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم — Potassii iodid. gr x — ۱۰ گرین

پانی — Aquae — q.s. ad ℥ i — حسب ضرورت

یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک دن میں تین دفعہ دیں۔ — This three times a day.

شدید درد مفاصل کے ساتھ عرق النسا ہو تو سیلی سین بمقدار بارہ گرین ہر چھ گھنٹہ بعد دینا مفید ہے۔

بلا شرکت مرض دیگر کے یعنی جب خالص لمباگو ہو تو یہ نسخہ مفید ہے۔

نسخہ

℞

ٹنکچر آف اکٹیا ریسی موسا ایک سے دو ڈرام — Tr. actaea racemosa f ʒ i–ii

برومائیڈ آف پوٹاسیم ایک اسکروپل — Potassii bromi. ℈ i

یہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں تین بار دیں۔ — This amount thrice daily.

ڈاکٹر لاسن صاحب — Dr H. Lawson

زیادہ تر سب کیوٹینیس انجکشن آف مارفیا کی مرفیا تین بار پچکاری وغیرہ سے عرق النسا اور لمبیگو کے ...

مریضوں میں سے بہت سے صحت یاب ہوگئے اور پرکلورائیڈ آف آئیرن اور کاڈ لور آئیل بھی دیا جائے
تو مریض جلد اچھا ہو جاتا ہے ۔

ڈاکٹر کامیگس صاحب C. Comegys M.D. فرماتے
ہیں کہ جس طرف درد ہو اُس طرف کے کان پر ٹھیک اُس جگہ جہاں ہیلکس سامنے کا حصہ کان کا
سے ملتا ہو لوہے کا تار گرم کرکے ذرا لگانا اس مرض کو مفید ہے ۔

نیز ہڈی کے گرد کنڈر کے پیچھے پندرہ سے بیس قطرے تک ایتھر کے انجکشن کئے جائیں
تو تھوڑی دیر کے لئے ذرا تیز درد ہوتا ہے مگر اصل مرض کو بہت فایدہ ہوتا ہے اور عند الضرورت
روز یہ پچکاری دے سکتے ہیں ۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب Prof. Costa M.D. فرماتے ہیں
کہ آبلہ انگیز پلسٹر ایک انچ چوڑا اور پانچ انچ لمبا مقام ماؤف پر پانچ پانچ چھ چھ گھنٹے
رکھ کر اٹھا لیں اور اسکی جگہ پولٹس لگا دیں بعد ازاں پھٹنے کے آبلہ کا تکڑ ڈریس کریں اور دس
گرین ڈوورس پوڈر رات کو سوتے وقت دیا دیں ۔

ڈاکٹر لیبونیٹ صاحب Dr. Labonete. نسخہ مندرجہ ذیل اس مرض میں مفید بتاتے ہیں

نسخہ

آئیل آف ٹرپن ٹائن	۸ اونس	Ol. terebinth. f ℥ viii
کلوروفارم	۲ ڈرام	Chloroformi,
ٹنکچر آف اوپیم	۲ ڈرام	Tr. opii āā f ℨ ii. M.

سبکو ملا کر انہیں ملائیں پیکو دن میں کئی بار مقام
ماؤف پر لگاویں ۔

Usefull liniment.

℞. نوع دیگر

Aq. ammoniae. f. ℥v. ۵ ڈرام — سولیوشن آف امونیا

Ol. terebinth. ایک اونس — آئیل آف ٹرپن ٹائین

Ol. amygdalae dulcis, āā ℥i ایک اونس — آئیل آف سویٹ آلمنڈ

M. سبکو ملاکر دن میں تین دفعہ مقام ماؤف پر ملنا

Rub on three times a day. — مرض عرق النسا میں مفید ہے

Niemeyer M. D. — ڈاکٹر نیمیر و ڈاکٹر رامبرگ صاحبان

℞. Ol. terebinth. f. ℥i نسخہ ایک ڈرام — آئیل آف ٹرپن ٹائین

Mellis f. ℥i. ایک اونس — شہد

For an electuary. — دونوں کو ملاکر ایک معجون بنائیں اور بمقدار ایک ٹیبل اسپون کل دن میں دو دفعہ دیں۔

J. H. Tanner M. D. London — ڈاکٹر ٹینر صاحب

℞. نسخہ

Sodii sulph. ʒiiss دو سے چار ڈرام تک — سلفیٹ آف سوڈا

Sodii carb. ʒi ایک اسکروپل — کاربونیٹ آف سوڈا

Sodii chloridi gr. xv. ۱۵ گرین — کلورائیڈ آف سوڈیم

Cretae preparatae gr. x. ۱۰ گرین — پریپیرڈ چاک

Ferri carb. saccharatae, gr. xv. ۱۵ گرین — سکرینیڈ کاربونیٹ آف آئرن

M. سبکو ملاکر ایک پڑیہ بنائیں اور یہ دوا پانی میں ملاکر

Make a powder. To be taken in the morning. — علی الصباح پلا دیں۔

جس عورت میں الٹنا کا سبب معلوم ہوا ہمیں ایسٹ ایریاٹہ یعنی گرم الجراحۃ کا حقنہ میں دو بار غسل کرانے سے بہت فایدہ ہوتا ہے ۔

ڈاکٹر ویکس صاحب Dr Waakes London

نسخہ

Rx

لکوئڈ اکسٹراکٹ آف ارگٹ ۲ ڈرام Ext. ergot liq. f. ʒii

سینمن واٹر ۲ اونس Aq. cinnamomi f. ℥iii

M.

دونو کو ملا دیں اور ایک ڈزرٹ اسپون مقدار A dessert spoonful in water every four hours.

چار گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ دیں ۔

حسب الضرورت نسخہ مذکورہ بالا میں ٹنکچر اسٹیل بھی ملا سکتے ہیں اور یہ بات قابل یاد رکھنے کے ہے کہ کہ ارگٹ سے فایدہ ہونیوالا ہو تو اسکا عمدہ اثر فوراً ظاہر ہونے لگتا ہے ۔

ڈاکٹر روزن تھل صاحب M. Rozenthal M.D. فرماتے ہیں کہ

شدید درد والے مریضوں میں مقام درد پر بجلی ہوئی سینگی بلکہ پن لگنے کے بعد پلستر یہ افیون لگا ہوا مرہم لگانا مفید ہے اور ہاضمہ میں فتور ہو تو تارپین کا تیل کھلانا اور نیز اسکی مالش کرنا اور الکتریسٹی لگانے سے بھی اس مرض میں فایدہ ہوتا ہے ۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں کہ

اگر کمزوری کے سبب ہو تو آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم یا سنکونا یا آرسینک کھلانا ۔ امعا میں فضلہ بھی پہنچ ہو تو مسہلات کا استعمال کرانا ۔ مریض ضعیف ہو تو مقویات مثل کاڈ لور آئل عرق یا فولاد کھلانا ۔ و بادی کی وجہ سے ہو تو اسکا دفع کرنا مسکن ادویہ مثل کلوروفارم یا افیون یا بلاڈونا یا اکونائیٹ کا مقام درد پر لگانا یا جائے درد پر پلستر لگا کر دو گرین مارفیا چھڑکنا ۔ یا مارفیا کی پچکاری لگانا ۔ یا ایک گرین اکونائیٹینا ایک ڈرام چربی میں ملا کر مالش کرنا ۔ اس مرض کا بہتر علاج ہے ۔

Cerebro-spinal Meningitis

سریبرو اسپائنل مننجائٹس

چونکہ مغز و حرام مغز کے اوپر کا پردہ مین سوزش ہوتی ہے بدین وجہ اسکو سریبرو اسپائنل مننجائٹس اور پھنسیان نکلنے کی وجہ سے اسپاٹڈ فیور - اور وبائی طور پر ہونیکے سبب اپی ڈمک مننجائٹس کہتے ہین - یہ مرض بہ نسبت جوانون کے بچونکو زیادہ اور جب وبائی ہو تو نہایت مہلک ہوتا ہے اسمین اسہال ہو کر شدت کا بخار چڑھ جاتا ہے اور علاج سے یا خودبخود دست بند ہوجاتین تو صفراوی قے ہونے لگتی ہے - سر پائین اکڑ گئی اور پیشانی مین درد پیٹ کی جلد گرم اور وحشت عضلات مین تشنج ہوتا ہے - بدن پر نیلگونی رنگ کی یا کبھی کبھی خسرہ کے پھنسیان نکلتی ہین کبھی ہیضہ کے ایام مین بھی یہ مرض پیدا ہوجاتا ہے - علامات مذکور ہمیشہ یکسان نہین ہوتین لیکن دماغ و حرام مغز کے پردہ کی سوزش یا ٹائفس فیور کی علامات ضرور ہوتی ہین ؛

علاج

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston فرماتے ہین [illegible] حرام مغز مین خراش ہو تو دماغ خراش و ہذیان سے جیسی علامات مشہود ہون انکے مطابق علاج کرین ؛

ڈاکٹر نیوٹن صاحب Dr. Nat[illegible] فرماتے ہین کہ کبھی کبھی یہ مرض بگڑتا ہے اور نبض آہستہ چلنے لگتی ہے تنفس ناقص ہو - ہچکی [illegible] - درد کم ہوتا ہے چنانچہ اسکا نسخہ یہ ہے ؛

نسخہ

Rx.

Tr. Physostigma - ایک ڈس - ہر گھنٹہ کے بعد ایک بار دین

[illegible] 3.7

لکویڈ اکسٹراکٹ آف ارگٹ ڈیڑہ اونس
Ext. fl. ergotae f ℥iss
اسمین سے نصف نصف ٹی اسپون فل ہر دو
Half a teaspoonful
every two hours.
گھنٹہ بعد دین ؛

اگر مرض مرمن و عصبی درد شدید مزاج چڑچڑا ہو جاتا ہو کہ تا حد کہ مطابق نہ لگے سوتے
مریض پاگل ہو چلے تو یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہی ؛

Rx نسخہ

ٹنکچر آف کیلابار بین ایک اونس
Tr. physostigmatis
f ℥j
کیمفوریٹڈ ٹنکچر آف اوپیم ڈیڑہ اونس
Tr. opii camph. f ℥iss
M.
اسمین سے نصف نصف ٹی اسپون فل دینی
Half a teaspoonful
تین بار دین ؛
three times a day

علاوہ نسخہ مذکورہ بالا کے سوتے وقت ایک پوری مقدار ڈوورس پوڈر اور کونیا ہی دینا چاہیے
ڈاکٹر نیمیر صاحب Dr Niemeyer M.D فرماتے ہیں
شدید نہایت درد میں فصد کہولنا تو نا جائز ہے مگر بعض حالت میں طاقت ہو تو پیشانی پر اور کان کے
پیچھے بار بار جونکین لگا سکتے ہیں - حجامت بنوا کر سر پر آب سرد کا کپڑا رکہا اور دو گرین کیلومل
اور آدھ گرین ایکسٹراکٹ آف جلیپ کی دو گولیان بنا کر اکیا ... سکر ؛
اخیر درجہ میں مریض کو مادہ دماغی فالج کی علامتین نمایان ہوتے ہو گردن پر ایک نشتر اور جھنپیان لگا
کہ نیند ... سے ... بالون کو ... اونس چربی مین ملا کر اسکا مرہم بنا کر اسمین سے
حصہ آٹھ گھنٹہ بعد بقدر سر پر لگائین جب تک بہت سی پھنسیان نہ نکل آئین یا جائے
سر ... گھنٹہ ایک دو دو گھڑے ٹھنڈے پانی کا ترڑہ مریض کے ہوش بجا ہونے تک

سر پر دینا۔ اور مرکوری آئنٹمنٹ کا لگانا اور کیلومل کا دینا بھی مستعمل ہے ؛

ڈاکٹر اسمتھ صاحب Prof. Smith M. D. فرماتے ہیں

کہ اس مرض میں جونکین لگانا تو مضر ہے مگر ابتداء ہی سے ریزہ برف کی سینکیاں یا خراش اور مرہم کانتھرائڈس خراش کے فائدہ کے واسطے لگانا۔ درد دور کرنیکے لئے قلیل المقدار سپیرٹ آف کلورل اور پٹیاں بند کرنیکو زیادہ مفید ہیں - بستر - اور خاص مرض سے وغیرہ کیلئے پانچ چھ گرین برومائیڈ آف پٹاسیم پانچ برس کے لڑکے کو دو دو تین تین یا چار گھنٹہ بعد دینا چاہئے مگر جب دوا مذکور کو دیتے دیتے ایک ہفتہ گذر جائے تب زیادہ عرصہ کے بعد اور رفتہ رفتہ بالکل بند کردیں ؛

ڈاکٹر فلر صاحب Prof. Fuller M. D. فرماتے ہیں

کہ گرم پانی سے بار بار سر کو دھونا۔ اور چونکہ خراش سے یہ مرض ہوتا ہے بوجہ سکن ادویہ مثلاً افیا وغیرہ کھلانا - یکساں حرارت والی جگہ میں مریض کو رکھنا - ہلکے مسہل سے اجابت کو صاف کرنا - اسا ہیں گرم ہوں تو بذریعہ ادویات قابض گرم آنکو گھٹانا - اس مرض کا بہتر علاج

ڈاکٹر ہملٹن صاحب Dr. Hamilton فرماتے ہیں

[illegible] اڑتالیس گھنٹہ تک ان نسخوں کا استعمال کرنا چاہئے ؛

Rx. — نسخہ

Ext. ergotae fl.	℥ i	ایک اونس	فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف ارگٹ
Spt. ammoniae aromat.	℥ ii	۲ اونس	ایرومیٹک اسپرٹ آف امونیا

A teaspoonful in a little water every four hours.

اس میں سے ایک ایک ٹی اسپون فل تھوڑے پانی کے ساتھ چار چار گھنٹہ بعد دیں ؛

ایسیٹیٹ آف پوٹاش ۱۲ ڈرام نسخہ Rx Potassii acetatis ʒ xii

کیمفر واٹر ۱۲ اونس Aq. camph. f ℥ xii M.

جب تک ادرار بول ہونے لگے اسپون کا ایک f tablespoonful every two hours

ایک ٹیبل اسپون فل دو دو گھنٹہ بعد دیں ٭

نسخہ مذکورہ بالا کے ساتھ گرم غسل کرانا - فلالین پہنانا - تین تین چار چار گھنٹہ بعد خشک دراہی لگانا

اور ابتدا مرض سے ہی محرک دوا کو نہ دیا جانا چاہیے ٭

جب تاید معلوم ہو اگر گشت والا اکسیجن کم کرتے کرتے تین چار روز بعد بالکل ترک کر دیں اور زیادہ مقدار

پانی کو دیں اور بجائے ایسیٹیٹ آف پوٹاش کے قوی مدر یعنی نائیٹر کا تیز دیں ٭

ڈاکٹر ریڈ صاحب Dr Reed, Boston - فرماتے ہیں

کہ پوری مقدار میں کیسٹر آئیل یا کوئی اور مسہل دیکر یہ نسخہ دیں ٭

Rx

ارگوٹین ۱۰ گرین نسخہ Ergotinae gr. x

ایکسٹرا کٹ آف بلاڈونا ایک سے دو گرین Ext. belladonnae gr. i to ii

ان کی دس گولیاں بنا کر ایک ایک گولی تین تین گھنٹہ بعد دیں Make ten pills. M. one every 3 hours.

ڈاکٹر زیمسن صاحب Prof. von Ziemssen فرماتے ہیں

کہ کاہنگ پیچھے پیچھیں - سر و گردن و کمر پر برف کی تھیلیاں اور [illegible] کریں [illegible]

دیں دو بار لگانا - سوزش میں ہو تو [illegible] کلوریٹ آف پوٹاش کا غرغرہ میں رکھنا - تمام جسم گرم

رکھنا گرم تک شنیا کی پچکاری جو الکحل کے ذریعہ کرنا - جبھی حرارت زیادہ ہو تو پندرہ سے

تیس گرین تک کونین دیا مناسب ہے اور مرض کے خراب درجہ میں آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم دیتے رہیں

Fatty Degeneration of the Heart

فیٹی ڈی جنریشن آف دی ہارٹ

جب دل کی ساخت چربی میں تبدیل ہو جاتی ہے تو اُسے فیٹی ڈی جنریشن کہتے ہیں مگر یہ تبدیلی دو طرح سے ہوتی ہے یعنی کبھی تو بہت سے دانے چربی کے دکھائی دیتے ہیں اور آخر الامر دل کے تمام عضلاتی ریشے میں چربی ہی چربی ہوتی ہے دوسرے عضلاتی ریشوں کے دانے [illegible] بالکل تیل میں تبدیل ہو گئے ہیں ۔

یہ مرض اکثر مستقل مزاج کا کام کرنے والوں یا بڈھوں یا شرابیوں یا کثرت سے مطالعہ کتب کرنے والوں کو ہوتا ہے یا انکو جو عرصہ سے بیمار ہوں یا زیادتی سے کوئی عصبی طاقت کے ضعیف ہوں یا جریان خون یا اچھی غذا نہ ملنے یا فاقہ کشی یا گرم ملک کی سکونت سے کمزور ہو جاتے ہیں اور انکے اعضا کی طاقت گھٹ جاتی ہے ۔

اس مرض میں کوئی خاص علامت ظاہر نہیں ہوتی صرف کبھی درد سر و سدہ میں ایک طرح کا تشنج ہوتا ہے اکثر نبض کمزور رفتہ رفتہ چلتی ہے اور اونچے مقام پر چڑھنے سے سانس چڑھ جاتی ہے کمزوری وکمی خون کا عارضہ ہوتا ہے ایک دو سانس کے پہلے مریض کو غشی ہو کر فالج ہو جاتا ہے

علاج

ڈاکٹر مارٹین صاحب Dr Martin [illegible] فرماتے ہیں

کہ چونکہ کاربونیٹ آف لایم جسم میں زیادہ بڑھنے سے یہ مرض ہوتا ہے اسکے لیے نائیٹرو میوریٹک ایسڈ مرکبات فولاد کے ساتھ ملا کر تھوڑی تھوڑی مقدار میں بہت دنوں تک دیں اور جس غذا میں چونے کے مرکبات ہوں اُنسے پرہیز کرائیں ۔

ڈاکٹر واٹرس صاحب Dr. [illegible] فرماتے ہیں
کہ ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئرن کم مقدار میں بہت روز تک کھانے والے کو وافر نفع پہنچتی ہے اور انکی
ساخت میں جو طاقت آجاتی ہے لیکن [illegible] دیتے میں اور [illegible] تو جب ہضم میں خرابی ہو
بند کر دیں اور بعد رفع ہونے کے پھر شروع کریں ۔

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston — فرماتے ہیں
کہ مریض کو آرام سے رکھنا۔ نرم و سبک و مقوی غذا کھلانا۔ پیٹ میں درد ہو تو حار ادویہ کا
استعمال کرنا۔ درد دل دور کرنے کے لئے بلاڈونا کا پلاسٹر لگانا اس مرض کا علاج ہے ۔

ڈاکٹر نوبین چندر صاحب Dr. N. C. Chakravarti — فرماتے ہیں کہ
جسم کی پرورش زیادہ کرنے کے لئے عمدہ غذا و مقوی دوا مثلاً روغن ماہی دینا چاہئے ۔

Functional Palpitation
فنکشنل پیلپی ٹیشن

دل کے دھڑکنے کو انگریزی میں پلپیٹیشن اردو میں تپیدگی قلب یا ہول دل اور عربی میں
خفقان کہتے ہیں یہ مرض دو صورت سے ہوتا ہے ایک تو دل کے ذاتی امراض کے سبب جن میں
اکثر درد دل کو آہستہ آہستہ شروع ہوکر ہمیشہ کم و بیش رہتا ہے۔ ہاتھ رکھنے سے بہ نسبت تعداد نبض کے
کے زیادہ حرکت قلب غیر منتظم شمار کرنے سے آواز زیادہ تیز اور کان لگا کر سننے سے کو اواز طبیون کی
بیماری معلوم ہوتی ہے ہول دل کے ساتھ شانہ و بازو میں تیز درد بھی ہوتا ہے۔ گرم و معمولی
دوا کھانے یا چلنے پھرنے یا جسمانی محنت کرنے سے اسکی زیادتی ہوجاتی ہے۔ گال ولب فراخ
وریدی وچہرہ پر اجتماع خون اور زیریں دھڑ میں آبی ورم ہوتا ہے ؛

دوسرے فعلی امراض کے سبب جو خفقان ہوتا ہے وہ اکثر عورتوں کو نوجوانی سے ہوتا ہے
جس سے بائیں طرف درد اور دل پر بیقراری ہوتی ہے۔ شمار کرنے سے آواز معمولی ہے
کان لگا کر سننے سے کوئی مرض کو ایسی کا ثابت نہیں ہوتا۔ خون تپلا پڑ جانے سے صرف کچھ ورم
میں فرق آجاتا ہے۔ آرام کرنے سے طپیدگی قلب کی زیادتی بحالت معمولی درد دل میں
تخفیف ہوجاتی ہے۔ گال ولب وریدی نہیں ہوتے۔ بلکہ بشرہ سے
کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ نازک مزاج مردوں اور عورتوں کی طبیعت تو اس مرض کے
ہونیکی استعداد ہی رکھتی ہے مگر زیادتی خوشی یا رنج۔ غم و غصہ۔ تردد و تفکر۔ وحشت
محنت۔ بیخوابی۔ زیادتی اخراج رطوبات طبعی۔ بدہضمی و نفخ شکم خرابی وکمی غذا۔
کثرت شراب خواری۔ کثرت استعمال تماکو یا چاء یا کافی۔ کثرت مطالعہ کتب یا مجامعت یا
جلق وغیرہ سے بھی دل دھڑکتا ہے اور امراض ساخت قلب سل و کمی خون عورتوں کو

رحم سے بھی یہ عارضہ ہوجاتا ہے ۔

غرضکہ اس مرض میں اسقدر شدت سے دل دھڑکتا ہے کہ دوسرے آدمی کو دور سے اور مریض کو خود حرکت قلب کی معلوم ہوتی ہے ۔ دل ڈوبا جاتا ہے ۔ کبھی بیہوشی ہوجاتی ہے ۔

علاج

ڈاکٹر فادرگل صاحب J. Fothergill, M.D.

فرماتے ہیں کہ حارث ریجن پر بلاڈونا پلاسٹر لگانا ۔ عصبی اشتعال کو رفع کرنا ۔ دل اور جسم کو آرام سے رکھنا ۔ ہضم کو درست اور آلات تناسل کا خیال کرنا ۔ اور یہ نسخہ دینا مفید

نسخہ

R. Potass. bromidi	دو گرین	برومائیڈ آف پوٹاسیم
Tr. digitalis	۵ منم	ٹنکچر آف ڈجی ٹیلس
This amount twice daily –		یہ ایک مقدار ایسی دن میں تین بار دیں ۔

اگر انیمیا ہو تو نسخہ مذکورہ بالا کے ساتھ ٹارٹریٹ آف آئرن اینڈ پوٹاس ملا کر دینا مفید ہوتا ہے

اور نظام عصبی کمزور ہو تو ہیڈروبرومک ایسڈ کے ساتھ ڈجی ٹیلس کا دینا بہتر ہے ۔

ڈاکٹر ڈاکوسٹا صاحب J. Costa M.D.

سبب ... اور حلق کے سبب ہو تو یہ نسخہ مفید ہے

R.		
Potass. bromidi 3iv	ساڑھے پانچ ڈرام	برومائیڈ آف پوٹاسیم
Tr. digitalis f 3iss	ڈیڑھ ڈرام	ٹنکچر آف ڈجی ٹیلس
Infus. cascarillae f 3iv	۴ اونس	انفیوژن آف کیسکریلا
A dessert spoonful twice a day.		... ایک چمچہ ... دن میں دو بار دیں ۔

ڈاکٹر بارتھلو صاحب Dr. Bartholow فرماتے ہیں

دل کا فعل تیز یا بیقاعدہ ہو جیسا کہ اکثر مرض ہسٹیریا مین ہوتا ہو تو اسکے لئے مارفیا کی پچکاری زیر جلد کرنا مفید ہے۔ اور دل کے داہنے جوف کے بڑھ جانے سے ڈسپنیا یا پلمونری آرٹری کا کوئی مرض ہو تو ان نسخون سے فائدہ ہوتا ہے۔

Rx.

نسخہ

سلفیٹ آف مارفیا	۱/۴ گرین	Morph. sulph. gr. iv
سلفیٹ آف اٹروپیا	ایک گرین	Atropiae sulph. gr. j
آب مقطر	ایک اونس	Aq. destillatae ℥j

سبکو ملاکر جان کرلو اس مین سے پانچ قطرے لیکر انکی پچکاری زیر جلد کرین اس مین چوتھا حصہ گرین کا مارفیا اور چھیانوین حصہ گرین کا اٹروپیا ہوتا ہے۔

M. Dose- five minims-

ڈاکٹر بوکٹ صاحب Dr. Bouchut M.D. فرماتے ہین کہ نسخہ مندرجہ ذیل دینا چاہئے۔

Rx.

نسخہ

اسافٹیڈا	۳۶ گرین	Assafoetidae gr. XXXVI
ڈیجی ٹیلس پوڈر	۳ گرین	Pulv. digitalis gr. iii
ایکسٹراکٹ آف ویلیرین	۷ گرین	Ext. valerianae gr. VII

سبکو ملاکر اٹھارہ گولیان بنائین اور ایک ایک گولی صبح و شام دین یہ نسخہ ہسٹیریا مین مفید ہے

Divide into xviii pills one morning & evening.

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali فرماتے ہین

مریض کا مزاج دموی ہو تو لیبر جونکین یا سینگیان ورنہ ٹنکچر دافیون کا پلاسٹر لگانا۔
ڈیجیٹیلس یا ڈالبوٹ ہیٹرو سیالک ایسڈ دینا۔ ہلکی غذا کھلانا۔ دل و جسم کو آرام و خوشی
و معدہ و امعا کو صاف رکھنا۔ نازک و ضعیف مزاجون کو مرکبات فولاد و دیگر مقویات دینا۔
آب سرد سے غسل۔ تبدیل آب و ہوا کرنا۔ غم و فکر ہو تو اسکو دور کرنا۔ بدہضمی ہو تو اسکا علاج
کرنا چاہیے۔

ڈاکٹر رحیم خان صاحب
فرماتے ہین

کہ شہر مین زیادتی خون رسیدگی قلب بشدت ہو تو فصد لین یا دل پر جونکین لگائین نمکین جلاب دین
قلیل غذا دین مگر اکثر اس مرض کا علاج مقویات و مفرحات سے ہوتا ہے۔
حکیم مین ... جب یہ مرض ہوتا ہے تو دل کی دھڑکن فم معدہ پر معلوم ہوتی ہے اور
اس حالت مین اگر کیرن پوڈر یا اس نسخہ کا دینا مفید ہے۔

نسخہ

کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈم ۲ ڈرام
کاربونیٹ آف میگنیشیا ۱۰ گرین
انفیوژن آف ... دیڑھ اونس
یہ ایک خوراک ہے۔

Carditis.

کارڈائٹس

سوزش قلب کو کارڈائٹس اور سوزش حجاب اندرونی خانہ قلب کو انڈو کارڈائٹس اور
بیرونی حجاب قلب کی سوزش کو پریکارڈائٹس کہتے ہیں ۔

کارڈائٹس میں گو انقلاب کم اور خفقان قلب زیادہ ہوتا ہے تنگی نفس و درد دل ہوتا ہے
اور آخر کار دل پھٹ جاتا ہے اور اگر اسکے عضلات سخت ہو جائیں تو دل بہت دھڑکتا ہے اور
دل کی آواز اونچی اور درد مثل عصبی درد ہوتا ہے ۔

انڈو کارڈائٹس میں بوجہ بے چینی دل پر معلوم ہوتی ہے اور حجاب القلب در حجاب اس میں
سوزش ہو تو درد نہیں ہوتا مگر بخار و تیزی حرکت قلب کم و بیش درد سر و چہرہ پر خوف و
سیاہی آنا رو وقت تنفس ہاتھ پاؤں پر خفیف ورم اور کبھی خفیف تشنج ہوتا ہے ۔
نبض رگ رگ کر صغیر و ضعیف چلتی ہے مریض بیٹھ کر بائیں لیٹنے سے آرام پاتا ہے ۔

شدید پریکارڈائٹس میں کم و بیش لرزہ کے بعد تھوڑا سا درد دل پر ہو کر بائیں بغل و شانہ
و ہاتھ میں پھیلتا اور جبکہ سبب بائیں کروٹ لیٹا نہیں جاتا اور کبھی بجائے درد صرف بوجھ سا دل پر
معلوم ہوتا ہے ۔ بخار و تکلیف تنفس و طپیدگی قلب و بے چینی و بیتابی و گرانی و گرمی سینہ پیدا ہوتی
ہے و دم رگ رگ کر یا جھٹکے کے ساتھ آتا ہو سوتے سوتے مریض چونک پڑتا ہے اور جب موت
قریب آتی ہے تو علامات مذکورہ کی زیادتی ہو جاتی ہے ۔

جب شدید سوزش کے بعد یہ مرض مزمن ہو جاتا ہے تو دل دھڑکتا ہے دم اکثر تا ہے خشک
کھانسی و خفیف بخار و ضعف ہوتا ہے بائیں جانب لیٹا نہیں جاتا اور اکثر حجاب قلب کے
اندر آب خون بھر جاتا ہے ۔ اور بعد شدید وجع مفاصل کے یا ضعیف آدمی کو یہ مرض ہو

علامات اسقدر خفیف ہوتی ہین کہ ظاہر بھی نہین ہو سکتین ۔

چونکہ ان مرضون کا علاج قریب قریب بلکہ یکسان ہے اسواسطے ایک ہی جگہہ بیان کیا جاتا ہے ۔

علاج

ڈاکٹر کراس جنا Dr. B. Kraus, Vienna. فرماتے ہین کہ پریکارڈائٹس مین مریض کو آرام سے لٹائے رکھین ۔ برف یا آب سرد پریکارڈیل ریجن پر لگائین ۔ ابتدا مین دو تین بار ونڈ ڈیجی ٹیلس دیکر بعد کرین ۔ کرکیپس ہو تو سٹرائیچنوہ و مشک و کاربونیٹ آف امونیا وغیرہ محرکات کا دینا مناسب ہے اور اس مرض مین دس دس قطرے سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف امونیا کے کسی گرم خیساندہ کے ساتھہ ملا کر دینا یا اس نسخہ کا استعمال کرنا بھی مفید ہے ۔

Rx.

نسخہ

اکسٹرکٹ آف ڈیجی ٹیلس ۵ گرین	Ext. digitalis, gr. xv
پٹروسلینا کا پانی ۶ اونس	Aquae petroselinae ℥vi
آکسی مل آف اسکوئل ۶ ڈرام	Oxymel scillae, ʒvi
مکسچر بنالو ۔ ایک ایک ڈزرٹ اسپون فل دو دو گھنٹہ بعد دین ۔	M. A dessertspoonful every two hours.

اسکو زیادہ دنون دینا اسواسطے مناسب نہین ہے کہ اس سے دل کو کمزور کرنیوالے عضلات کمزور ہو جاتے ہین اور اگر ایسا ہو جائے تو ایتھر و کونین و الکحل وغیرہ دواؤن سے آرام ہو سکتا ہے ۔

اگر حجاب القلب مین بہت رطوبت ہو جوش پا جاے تو پرورش کنندہ غذا اور یہ دوا دین

نسخہ

Rx.

Infusi baccarum junip.	انفیوزن آف بیرم جونی پر ۴ اونس
Liqr. potass. acetatis āā ℥iv	سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف پتاس ۴ اونس
Liqr. ammoniae acetici f. ℥ss.	سولیوشن آف امونیا ایسٹی آدہا اونس
m.	سبکو ملاکر ایک ایک ڈزرٹ اسپون فل دو دو گھنٹہ بعد دین
A dessertspoonful every two hours.	

نسخہ مندرجہ ذیل باہر لگانے کے کام آتا ہے

Rx.

نسخہ

Olei terebinth. f ℥i	ایک اونس	آئیل آف ٹرپن ٹائن
Vitelli ovi no. ii	دو عدد	سفیدی بیضہ مرغ
Aq. menth. pip. f ℥xx	۲۰ اونس	پپرمنٹ واٹر
For external use.	سبکو ملاکر اور گرم کر دن مین چند بار اور کمر پر ملائین بیسٹ دین	

اگر [illegible] ہو تو حجاب القلب مین سے بترکیب جراحی پانی نکالنے کی ضرورت پڑتی ہے ڈاکٹر ہیڈن صاحب Dr. Hayden, Dublin فرماتے ہین کہ جوان و قوی آدمی کو شدید سوزش حجاب القلب ہو تو پہلے سیلائن اپیری انٹ دیکر بیس یا تیس جونکین دیکر گرم گرم پولٹس باندہین اور اس سے آرام ہو [illegible] تو دوائین قلیل المقدار ہین اور ضعیف ہو تو انہین دن مین کھانا غذائے بخش کھلائین

جب سوزش کم ہو جائے تو طاقت قائم رکھنا۔ آیوڈائڈ آف پوٹاسیم دینا۔ بلسٹر لگانا اور
دل کا فعل زیادہ و بے قاعدہ ہو تو وہی ٹانکس کھلانا مناسب ہے۔

ڈاکٹر فلنٹ صاحب Dr. A. Flint, New York فرماتے ہیں
کہ سوزش حجاب قلب کے دورے میں اسقدر رطوبت تراوش پا گئی ہو کہ دل کو کمزور
کرو ے تو ٹنکچر آف آیوڈین پرکار فیم یا اور چھوٹے چھوٹے بلسٹر لگانا اور جب پھنسیاں
عمل میں [illegible] اٹھا لینا اور ہیڈروگاگ کتھارٹکس ہوشیاری سے دینا اور غذائیت بخش
غذا سے طاقت قائم رکھنا واجب ہے۔

ڈاکٹر لومس صاحب A. Loomis M.D. فرماتے ہیں
کہ ابتدا کار [illegible] میں مریض کو ایسے کمرہ میں جسکی حرارت [illegible] سے زیادہ ہو لٹائے رکھنا
افیون مقدار قلیل دینا۔ ہر وقت فلالین کا کرتہ وغیرہ سینہ کے ڈھکنے کے لئے پہنا دل کمزور ہو
تو وہی ٹانکس کا استعمال کرنا مرکبات فولاد و غذائیت بخش غذا اور کبھی محرک دوا کھلانا مناسب ہے
الکوحل اور السٹرپوین صرف پوری مقدار کونین و محرک ادویات کے سوا اور کسی دوا پر
بھروسا نہیں ہو سکتا ہے۔

Dr. Johnston - ڈاکٹر جانسٹن صاحب
فرماتے ہیں کہ بیکار دائسٹس [illegible] جونک وپر لگانا۔ جلیپ اور کیلومل کا جلاب دینا۔
اور ایک دم سے بید گولی کھلانا بہتر ہے۔

نسخہ

Rx.			
Calomel	gr v	۵ گرین	کیلومل
Ipecac.	gr ii	۲ گرین	اپیکاکوانا

Pulv. opii gr. ii. ۲ گرین افیون

make one pill. M. سبکو ملا کر ایک گولی بنا کر ایکبار مین کہلا دینا

بعد کہلانے گولی مذکورہ بالا کے نسخہ مندرجہ ذیل کا جب تک استعمال کرین کہ مرض کا خاتمہ ہو جائے

Rx.

نسخہ

Calomel gr. ii. ۲ گرین کیلومل

Ipecac. gr. j. ایک گرین اپیکاکوانا

Opium gr. j. ایک گرین افیون

make one pill سبکو ملا کر ایک گولی بنائین اور منہ آجانے

to be given after every three hours.

تک تین تین گہنٹہ بعد دین

جب ذرا آرام معلوم ہو سینہ پر پلسٹر لگائین اور ہلکی زود ہضم غذا دین۔ جب مرض مزمن ہو جاوے تو جونک سینگی احتیاط سے لگائین اور پلسٹر کیلومل کا استعمال کرین اور کمزوری ہو تو جاروب دوائین دین اور بعد آرام ہونے کے مقوی مناسب غذا سے پرہیز رکھین

اندرونی کارڈائٹس کا علاج مثل پریکارڈائٹس کے ہے مگر مزمن مین سولیوشن آف پوٹاس بمقدار بیس قطرے یا پانچ پانچ گرین ایوڈائیڈ آف پوٹاسیم عشبہ کے جوشاندہ کے ساتھ پلانا چاہیے

کارڈائٹس چونکہ وجع مفاصل یا سوزش آورده یا سوزش درونی یا برد فی الحجاب وغیرہ کے سبب ہوتا ہے بذریعہ اسکا علاج یہی ہے کہ جس سبب سے ہوا اسکو دور کرین

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf فرماتے ہین کہ پریکارڈائٹس مین مریض قوی ہو تو تھوڑا سا خون بذریعہ فصد نکال سکتے ہین ورنہ بار بار لینا مناسب

* فی زمانہ کثر اوسی نسخہ لانا اور بار بار فصد کھولنا وغیرہ ناجائز ہے خصوصاً ہندوستانیون کو ... مترجم

ہوتی ہے بلکہ یہ تدبیر کرنا بہتر ہے کہ دو دو تین تین گھنٹہ بعد پانچ گرین کاربونیٹ آف پوٹاش
نصف ڈرام کی مقدار میں دینا ۔ درد و بے چینی وغیرہ دور کرنے کو افیون کھلانا ۔ دیپر پاتھ کا
استعمال کرنا ۔ ولیپر السی کا گرم پولٹس باندھنا ۔ پوست خشخاش کے جوشاندہ سے سینکنا ۔
ایک یک گرین افیون تین تین چار چار گھنٹہ بعد دینا ۔ کلوریٹ آف پوٹاش پانی میں ملا کر پلانا
شروع میں ساگو دودھ ارا روٹ وغیرہ اور جب بخار دور ہو جائے شراب و شوربہ کھلانا ۔
مزمن سوزش جگر کا علاج بعد خارج ہونے رطوبات کے ایک بڑا بلسٹر ولیپر لگانا یا چھوٹے چھوٹے
بلسٹر لگاتے رہنا ۔ ایوڈائیڈ آف پوٹاسیم کھلانا ۔ جب جگر میں جا بجا تھیلیاں جمع ہوں تو ٹروکار
سے نکال کر ٹنکچر آف آیوڈین پچکاری سے اس میں داخل کرنا بہتر علاج ہے
ہندو کار ڈراپسی کا علاج مثل ہر بکار ڈیزیز کے کرتے ہیں اور بدین خیال کہ فائبرنس کے خانہ
میں جم نہ شروع ہو جاتے ہیں کاربونیٹ آف امونیا یا ایرومیٹک اسپرٹ آف امونیا زیادہ مقدار
میں دیتے ہیں ۔

Cardiac Dilatation.

کارڈیاک ڈائی لیٹیشن

مزمن امراض شش کے سبب خون مین رکاوٹ یا بائین جانب دل کی کوٹھری مین بیماری ہونے سے جب خانہ قلب پھیل جاتا ہے تو اسکو کارڈیاک ڈائی لیٹیشن یا ڈائی لیٹیشن آف دی ہارٹ کہتے ہین ۔

نبض پھیری ہوئی دشوار و غیر مساوی ہوتی ہے ۔ تنفس بدقت ہوتا ہے ۔ گردن کے اوردے پھولے ہوئے اور اونمین نبض کی سی حرکت پائی جاتی ہے ۔ کبھی خفقان سا معلوم ہوجاتا ہے ۔ آخرالامر سارے بدن مین آبی ورم و جریان خون کم ہوکر مریض مرجاتا ہے ۔

علاج

ڈاکٹر لومس صاحب Dr. A. L. Loomis, M.D. فرماتے ہین کہ اسکے علاج مین دو باتونکا لحاظ رکھنا ضرور ہوتا ہے ایک تو جسم کی پرورش کرنا دوسرے دل کو سخت فعل سے باز رکھنا چنانچہ یہ دونون باتین کم مقدار مین تھوڑی تھوڑی دیر بعد دودھ پلانے مرکبات فولاد کھلانے ۔ فلالین پہنانے ۔ گھبراہٹ سے باز رکھنے ۔ رطوبتون کے اخراج کو (جب کمزوری کا احتمال ہو) روکنے عمدہ آب و ہوا مین رہنے ۔ ڈجیٹیلس دینے سے حاصل ہو سکتی ہین مگر ڈجیٹیلس کے دینے مین اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہر روز استعمال کرنے سے اسکا فایدہ کما حقہ نہین ہوتا ۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب J. M. Da Costa M.D. رقمطراز ہین کہ اس مرض مین بلاڈونا پلاسٹر دل کے مقام پر اور پلپیٹیشن دور کرنیکے لئے

خشک سینگل سیٹ پر لگانا۔ استعمال کرانا۔ اور بنسبت مقویات و مرکبات فولاد دینے کے رطوبات
کا خارج کرنا بہتر ہے مگر اخیر میں مرکبات فولاد کی ضرورت پڑتی ہے ◆

نسخہ ہائے مندرجہ ذیل بھی اس مرض میں مفید ہیں ◆

نسخہ

Rx.

Pulv. digitalis, gr. v	۵ گرین	ڈیجیٹیلس پوڈر
Ext. belladonnae, gr. i	ایک گرین	اکسٹرکٹ آف بلاڈونا
Ferri redacti, ℈ij	۲ اسکروپل	ریڈیوسڈ آئرن

M. For twenty pills — one thrice daily.

سبکو ملا کر بیس گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں ◆

نوع دیگر

Rx.

Ferri lactatis, ʒss	آدھا ڈرام	لیکٹیٹ آف آئرن
Pulv. digitalis, gr. v	۵ گرین	ڈیجیٹیلس پوڈر

M. For 20 pills — one thrice daily.

دونوں ملا کر بیس گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں ◆

جب اس مرض کی وجہ سے ڈراپسی ہو جاوے گی تو صرف دس دس قطرے ٹنکچر آف ڈیجیٹیلس دن میں تین بار اور کمپونڈ جلیپ پوڈر دس گرین رات کو ایکبار دینا مفید ہوتا ہے ◆

اور اربول ہونے اور معدہ کو طاقت دینے کے لئے ایک ایک ٹیبل اسپون فل عرق لیموں دن میں تین بار دینا مناسب ہے ◆

ڈاکٹر بارتھولو صاحب Dr. R. Bartholow, Ohio اوہایو کی

Rx.

نسخہ

Ferri redact;	ایک اسکروپل	ریوسڈ آئرن
Quiniae sulph;	ایک اسکروپل	سلفیٹ آف کونین
Pulv. digitalis.	ایک اسکروپل	ڈیجی ٹیلس پوڈر
aa ℈i		
Pulv. scillae. gr x	۱۰ گرین	اسکوئیل پوڈر

make twenty pills. m. سبکو ملاکر بیس گولیان بنائین اور ایک ایک

one three or four times a day گولی دن مین تین چار بار دین ۔

مرض مندرجہ عنوان اور مائیٹرل ریگرجیٹیشن یعنی جبکہ ساتھ کھانسی اور دقت تنفس و ڈراپسی بھی ہو نسخہ مندرجہ بالا مفید ہے - اور گر اوڑٹی کا کوئی مرض ہو تو صرف کارڈیک ڈائی لیٹیشن ہو تو اس نسخہ سے فایدہ ہوتا ہے ۔

Rx.

نسخہ

Ext. ergotae fl. f℥iiiss	ساڑھے تین اونس	فلوئیڈ ایکسٹ آف ارگٹ
Tr. digitalis, f℥ss.	نصف اونس	ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس

A teaspoonful m. دونون کو ملاکر ایک ایک ٹی اسپون فل دن مین

three times a day. تین بار دین ۔

ڈاکٹر والشی صاحب فرماتے ہین کہ Dr. Walshe -

اس مرض مین جبکہ ڈراپسی بھی ہو تو یہ مدر بول ادویہ مفید ہوتی ہین پٹاسیم کے مرکبات مثلاً ایسیٹیٹ - نائیٹریٹ - بائی ٹارٹریٹ - ایوڈائیڈ - نائیٹر کا ایتھر - کمپونڈ ٹنکچر آف ایوڈین - جونپر کا خیساندہ اور اسپرٹ - الاٹیریم - گیمبوج - سائیٹریٹ آف پٹاس - کمپونڈ جلاپ پوڈر

الالیٹریم کے دینے کا عمدہ نسخہ یہ ہے *

Rx.

نسخہ

Ext. elaterii gr ½ - ایکسٹراکٹ آف الالیٹریم چہٹے حصہ آدہے ایک گرین کا

Ext. creasoti, gr ii ۲ گرین ایکسٹراکٹ آف کریازوٹ

Ext. hyoscyami gr ii ۲ گرین ایکسٹراکٹ آف ہایوسایمس

M.

For one pill - سبکو ملاکر ایک گولی بنا کر دیں *

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston - فرماتے ہیں کہ بشرط ضرورت ابتدا میں تیز جلاب دیں ورنہ مرکبات فولاد یا دیگر مقوی ادویہ و غذا کہلا دیں تا آرام ہمیشہ سے رکہیں اور جب دبا ایسی شروع ہو تو پہر ان اسکو یکی میں ا میں ا دم سے دو تین تین بار رفع دیں *

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashrafali فرماتے ہیں کہ جسم و دل کو آرام و خوشی سے رکہنا - ہلکی غذا دینی و دوا کہلانا - کبہی کبہی مسکن و مخدر دوا دنگا دینا - دل پر جونک یا سینگی لگانا - اسکا علاج ہے *

Cardiac Hypertrophy

کارڈیک ہائی پرٹروفی

حالت صحت میں جو دل کا وزن آٹھ و نیم اونس ہوتا ہے اگر وہ اس سے زیادہ ہو جائے تو اُسے کارڈیک ہائی پرٹروفی یا ہائی پرٹروفی آف دی ہارٹ کہتے ہیں +

وجہ زیادتی خون و کثرت محنت جسمانی و نفسانی سے دل بڑھ جاتا ہے جس سے علامات ذیل ہوتی ہیں دقت نفس - سرخی چہرہ - روشنی چشم - دوران و درد سر - محنت و حرکت سے سانس کا چڑھ جانا - نکسیر یا ہونٹ کے ذریعہ سے خون اور اکثر پسینہ بکثرت نکلنا - رفتہ رفتہ تمام جسم میں ورم آجانا وغیرہ ہو کر آخر الامر کسی نہ کسی عضو میں خونریزش ہونے سے مریض مرجاتا ہے +

یہ مرض تین قسم کا ہوتا ہے ایک تو جس میں صرف دل بڑھ جاتا ہے - دوسرے دل کے بڑھنے کے ساتھ خانہ قلب کشادہ ہو جاتے ہیں تیسرے بجائے کشادہ ہونے کے خانہ قلب چھوٹے ہو جاتے ہیں مگر ان باتوں کی اچھی طرح سے وہی تمیز کر سکتا ہے جو نبض کے دیکھنے اور اسٹیتھسکوپ کے استعمال کرنیکا مشاق ہو +

علاج

Dr. Hartshorne - ڈاکٹر ہارٹ شارن صاحب

جب دل کے مسل یا انمیں دل کے بڑھ جانیکا اندیشہ ہو تو خارجی اسباب مریض کو دیا میں اور اپنی طاقت سے محنت کرنے اور الکحل وغیرہ دینے سے باز رہیں - آدمی قوی ہو تو کبھی کبھی فصد کھولیں اور گاہ گاہ قلب پر دل پر جونک یا سینگی لگائیں - اگر دل کی حرکت کی تیزی ہو تو ڈیجی ٹیلس قلیل مقدار میں اور نبض تیز ہو تو ٹنکچر ہیلے بور کے استعمال کرنے سے تسکین اور تخفیف کا اثر ہو سکتا ہے +

ڈاکٹر لوپولڈ صاحب Dr. Leopold. Vienna فرماتے ہیں
کہ یہ مرض اڈیوپیتھک ہو تو وہ دو تدبیروں سے نہایہ ہوتا ہے ایک تو باقاعدہ سردی پہنچانا
یعنی برف کی تھیلی سینہ پر رکھنا یا گرین لگانے سے کیونکہ اس سے دل کا فعل کم ہو جاتا ہے
دوسرے بذریعہ ڈجیٹیلس کی دینے سے ۔ اور اگر سوزشی امراض میں دل کا دوامی انفرشن ہو جاوے تو
دل کے فعل ان نقاباض کو قائم رکھنے کے لئے پارہ کا پینا بہتر ہے ۔

ڈاکٹر لومس صاحب A. L. Loomis M. D. فرماتے ہیں
کہ اس مرض میں خون کا نکالنا تو مضر ہے مگر دل کا فعل کم کرنے کے لئے اکونائٹ سب سے بہتر ہے کیونکہ
بحران سر درد میں جو اکثر اسکے ساتھ ہوتا ہے یہ دوا بہت مفید ہوتی ہے چنانچہ ڈاکٹر
فلنٹ صاحب کا ٹنکچر آف اکونائٹ دو دو یا تین تین قطرے تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد دیتے ہیں

ڈاکٹر کاسٹا صاحب J. M. Da Costa M. D.
خوب آرام دیتے ہیں اور گھنٹوں لیٹا رہنے دیتے ہیں کیونکہ سونے سے نبض کمزور اور درد پیر سکین کی تاثیر
ہوتی ہے ۔ اگر بدہضمی یا اور کسی سبب سے دل پر تکلیف ہوتی ہو تو اسکو دور کریں ۔ دواؤں میں
دو دواؤں میں جنکے مفید ہونیکا بہت یقین کیا جاتا ہے ایک اکونائٹ دوسرے گرین ہیلی بور
چنانچہ انکا نسخہ یہ ہے ۔

نسخہ

℞

ٹنکچر آف گرین ہیلی بور	ڈیڑھ ڈرام	Tr. veratri viridis fl. ʒ iss
ٹنکچر آف اکونائٹ	ڈیڑھ ڈرام	aconite rad. fl. ʒ iss
ٹنکچر آف جنجر	ساڑھے پانچ ڈرام	Zingiberis f. ʒ ss

M.

مکسچر بنالیں اور پندرہ پندرہ قطرے دیتے ہیں
ہر کالفت دو گھنٹہ بعد پانی ملا کر دیں ۔

Fifteen drops
thrice daily -

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr Johnston. فرماتے ہیں
کہ شدت مرض میں ریوند ساتھ جونک لگانا۔ غذا خشک دینا۔ کبھی کبھی عرق ادویہ مثلاً ڈوور پوڈر
یا لائکر امونیا ایسی ٹیس کا استعمال کرنا۔ سخت حرکت سے باز رکھنا ضرور ہے +

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali.
فرماتے ہیں کہ جسم و دل کو آرام سے رکھنا۔ ہلکی غذا کھلانا۔ ملین ادویات دینا۔ کمزوری ہو تو مرکبات
فولاد و معدنی تیزاب و بارک کا استعمال کرنا۔ زیادتی حرکت قلب کے روکنے کو ڈجیٹیلس سے
ٹنکچر آف اکونائیٹ اور ٹنکچر آف ڈجیٹیلس اور وقت تنفس ہو تو حارہ ادویہ مثلاً امونیا و ایتھر دینا
مناسب ہے +

Cholera

کالرا

یورپ بیضہ کو کالرا اور جو ایشیا کے ملکوں میں ہوتا ہے اسے ایشیاٹک کالرا اور سخت بیضہ
کو کالرا مال بیس اور ہندوستان میں اسے ہیضہ کہتے ہیں علاوہ بریں مختلف ملکوں اور مختلف
زبانوں کے بموجب اسکے بہت سے نام رکھے گئے ہیں جنکو بخوف طوالت یہاں نہیں لکھا گیا

اکثر گرمی یا خزان کے موسم میں ثقیل خراب غذا و ککڑی کھیرے خربوزے وغیرہ کے بہت
بکثرت کھانے یا خاص قسم کا زہر ہوا میں ہونے سے یہ مرض ہوتا ہے لیکن ابھی ٹھیک سبب
اس بیماری کا معلوم نہیں ہوا ہے

اس میں کبھی تو کوئی پیشتر علامت نہیں معلوم ہوتی اور کبھی اسہال ہوکر خاص مرض کی
علامت نمودار ہو جاتی ہیں۔ یعنی چاولوں کی پیچ کی مانند بار بار دست و قے آنے لگتے ہیں
پیشاب بند ہو جاتا ہے تشنج یعنی تشنگی ہوتی ہے بدن سرد ہو جاتا ہے گال بیٹھ جاتے
ہیں آنکھیں گڑھے میں دھنس جاتی ہیں نبض ضعیف ہوتے ہوتے ساقط ہو جاتی ہے۔ آخر کو
مر جاتا ہے یا رفتہ رفتہ صحت پاتا ہے یا کوئی بد نتیجہ لاحق ہو کر کچھ روز بعد مر جاتا ہے
اس مرض کی تین حالتیں مقرر کی ہیں ایک تو وہ جس میں دست و قے و تشنج وغیرہ کے
ہو کر تین گھنٹے بعد چہرہ مضمحل خشک ہو جاتا ہے گو بدن سرد نہیں ہوتا اور نبض ضعیف
ہو جاتی ہے اس میں جلد معقول علاج ہو تو آرام ہو جاتا ہے

دوسرے کثرت دست و قے وغیرہ کے چھ یا آٹھ گھنٹے بعد چہرہ کی حالت بدل جاتی ہے بدن سرد
ہو جاتا ہے نبض ضعیف نہایت ہوتی ہے اس حالت میں معقول علاج سے فیصدی پچاس
مریضوں کو فایدہ ہو سکتا ہے

ـسٹیجر دو جسمین خفیف دست و قے کے بعد ہی ایک گھنٹہ سے چند گھنٹہ کے درمیان مریض کی حالت بگڑجاتی ہے یعنی بدن سرد اور ٹھنڈے پسینہ سے تر ہوتا ہے آنکھیں گھس جاتی ہین آواز بند نبض ساقط ہو جاتی ہے بے چینی و دقت تنفس ہوتی ہے اسی حالت مین کو کلاپس کہتے ہین ایسی کیفیت ہو تو مریض کو سمجھنا ہے یا اچھا ہونیوالا ہے تو بتدریج اچھا ہوجاتا ہے یا سدہ و امعا مین خراشش یا بیہوشی یا بخار وغیرہ ہو کر مرجاتا ہے یا ان امراض کو بھی جھیل کر صحت پاتا ہے ٭

اسکی علامتوں کو تین درجون مین منقسم کرتے ہین اول پریمانٹری کا درجہ جسمین دست وغیرہ شروع ہوتے ہین - دوسرے کلاپس یعنی جب بدن سرد نبض ساقط وغیرہ ہوتی ہے تیسرے ری ایکشن یعنی جب بدن گرم ہوجاتا ہے نبض چلنے لگتی ہے پیشاب ہوتا ہے -

اگر پیشاب ہونے سے پورا جذب ہو کر بخار و بیہوشی وغیرہ ہو جائے تو اسکو کنسیکٹو ری ایکشن کہتے ہین ٭

علاج

ڈاکٹر مچل صاحب Dr. W. Mitchell

فرماتے ہین کہ جب تک مریض کی علامات رفع نہون بارہ ۱۲ گھنٹے اور سدہ پر گھنٹہ گھنٹہ بعد وہ دوا مندرجہ ذیل کی پچکاری جلد کے نیچے لگائین ٭

Rx

سلفیورک ایسڈ	آدھا درام	Acide sulph. 3ss
سلفیٹ آف مارفیا	تہائی گرین	Morphine sulph. gr.
برانڈی	ڈیڑھ درام	Spt. vini gallici, 3iss

Aquae destil. ℥ iij — ۳ اونس — ڈسٹلڈ واٹر

m.

This for an injection under the skin. — ملا کر بطرز مذکورہ بالا پچکاری لگاتے ہیں ۔

Dr. G. Thurston — ڈاکٹر تھرسٹن صاحب

فرماتے ہیں کہ کیلومل دو افیون ایسی مقدار میں جس سے انتڑیوں کا فایدہ ہو اسطرح کہ ہر گھنٹے گھنٹے بعد دینا چاہیے کہ دونوں خوراک کیلومل کی دے چکیں تو ایک خوراک پینے کی دیں اور ایکساتھ نسخہ مندرجہ ذیل کا بھی استعمال کریں ۔

نسخہ

℞

Ext. cannabis indicae gr xvi — ۱۶ گرین — اکسٹراکٹ آف انڈین ہیمپ

Camphorae ʒ ss. — نصف ڈرام — کیمفر

Chloroformi ℥ ss. — نصف اونس — کلوروفارم

Olei terebinth. ʒ j — ۱ ڈرام — آئیل آف ٹرپنٹائین

Mucilag acaciae — نصف اونس — میوسلیج آف گم

Syr. simplicis aa ℥ ss — نصف اونس — سمپل سیرپ

Aquae cinnamomi ℥ j — ایک اونس — سنیمن واٹر

m. — ملا کر ایک ٹی اسپون یعنی ایک ایک

Dose. A teaspoonful every one or two hours. — ایک یا دو گھنٹہ بعد دیں ۔

Dr. J. T. Jones — ڈاکٹر جونس صاحب

فرماتے ہیں کہ کالرا کے کولاپس میں یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

Rx.

کریازوٹ	ایک قطرہ	Creasoti gtt j.
کیمفرواٹر	۶ ڈرام	Aquae camph.
کمپونڈ انفیوزن آف جنٹین	۶ ڈرام	Infuse gentian. comp. aa ℨ vj.

یہ ایک خوراک ہے ایسی دو دو گھنٹہ بعد دیں ؛
M. At a dose and repeated every two hours.

ڈاکٹر شینڈلر صاحب Dr. J. Chandler.

فرماتے ہیں کہ ۱۸۶۵ء و ۱۸۶۶ء کی وبا میں ساٹھ شخص مریضوں کو مختلف درجوں میں ڈائلیوٹ
سلفیورک ایسڈ پوری مقدار میں پلا دیا۔ آدھ آدھ گھنٹہ بعد دست وقے بند ہونے
تک دیا گیا تو بہت فایدہ ہوا غثیان وقے روکنے کے لئے تو جادو کا سا اثر ہوتا ہے
اور رفتہ رفتہ دست بھی بند ہو جاتے ہیں ؛

ڈاکٹر میکلیلن صاحب Dr. McClellan فرماتے ہیں کہ
دستوں کے شروع ہوتے ہی علاج کرنا مناسب ہے کیونکہ یہ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ ہیضہ
پیس میں جلد علاج کرنیکی نسبت ہیضہ کالرا مارکس یعنی مہلک ہیضہ کی حالت میں
فرق کرنے میں وقت ضایع کرنے سے بہت مریض تلف ہوتے ہیں۔ پری مانیٹری درجہ
میں افیون اور بعدہٗ کلورک ایتھر کی مقدار میں دینے اور گرم رکھنے سے مرض رک
جاتا ہے۔ اگر مرض بڑھ جائے تو پھر کوئی دوا کارگر نہیں ہوتی۔ اور ایسیٹیٹ آف لیڈ
اور ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ کا استعمال کرنا بڑا فائدہ بخش یعنی مفید رہتا ہے ؛

ڈاکٹر اسٹیونس صاحب Dr. W. Stevens.

در بارہ ایام وبا مین اس علاج کو مفید پایا ہے کہ مرض شروع ہوتے ہی مریض کو ایسے مکان مین رکھین جہاں کی حرارت یکسان ہو اور فوراً سنڈلیز پوڈر دیدین - اگر دل بیٹھا جاتا ہو اور دست ہوتے ہون تو تین یا چار چار گہنٹے بعد ایپسم سالٹ بھی اور مین ہو تو بہت رقیق بغیر تیز ... فکر پلاوین - درد شکم ہو تو معدہ پر رائی کا پلاستر لگا
سادے پانی یا سوڈا واٹر سے تشنگی رفع کرین ؛

جب تشنج و بدن سرد و نبض ساقط ہونے لگے تو یہ دوسرا درجہ مرض کا ہے اس حالت مین یہ نسخہ دینا مناسب ہے ؛

نسخہ

℞

Sodii chloride ʒij	۲ ڈرام	کلورائیڈ آف سوڈیم
Sodii carb. ʒij	۲ ڈرام	کاربونیٹ آف سوڈا
Potass chloratis ℈ij	۲ اسکروپل	کلوریٹ آف پاٹاش
Aquae f ℥ vi	۶ اونس	پانی

m.

Two tablespoonfuls in water about every half hour.

سبکو ملاکر دو دو ٹیبل اسپون فل قدرے پانی کے ساتھ نصف نصف گہنٹہ بعد دین ؛

اگر معدہ مین خراش زیادہ ہو تو ایک بڑا سا پلاستر رائی کا لگا دین اور معدہ مین ... ہو تو مکسچر مذکور مین کاربونیٹ آف سوڈا بھی ملا دین ؛

کالاپس کے درجہ مین کلورائیڈ آف سوڈیم و کاربونیٹ آف سوڈا وغیرہ کا ... مذکور کا تیز سولیوشن سو درجہ کے گرم پانی مین بنا کر اسکا حقنہ کرین - کندھون کے بیچ مین اور معدہ پر مسٹرڈ

پاسے ڈبو کر لگائیں گرم پانی میں کپڑا بھگو بھگو کر جسم کو رگڑیں تاکہ وہ گرم ہو جائے ۔ پیاس
تشنگی کی شدت کم کرنے کیلئے برف کے ٹکڑے چبائیں ۔ حتی الامکان مریض کو ایسے مکان
میں علیحدہ رکھیں جہاں صاف ہوا کی آمد و رفت ہو ۔ پینے کا پانی بھی صاف ہو ۔ پاخانہ
ایسے برتن میں پھرائیں جس میں کوئی دافع عفونت سفوف پڑا ہو اور اسکو کہیں دور دفن
کرا دیں ۔

بعد صحت پانے کے کبھی بہت دنوں تک حیوانی غذا نہ کھلائیں بلکہ صرف شوربہ اور نباتی
اشیا کھلائیں اور جب تک گردہ کا فعل بھی طرح نہ ہو اور تمام علامات مرض جاتی نہ رہیں
خشک چیزوں کے دینے سے پرہیز کریں ۔

ڈاکٹر فلیمنگ صاحب — Dr Fleming

فرماتے ہیں کہ لسی اور دودھ ملا کر چار چار گھنٹہ بعد پلائیں اور دواء ذیل ممکن ہو تو کھانے کے
بعد دیں ورنہ کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پیشتر اور ایک گھنٹہ بعد ہیضہ کے استعمال
میں نہ دیں ۔

نسخہ

R

Plumbi acetatis gr. xxiv	۲۴ گرین	ایسیٹیٹ آف لیڈ
Liqr. morph. acetatis f ʒ i	ایک ڈرام	سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف مارفیا
Acidi acetici dil. m xii	۱۲ قطرے	ڈائلیوٹ ایسیٹک ایسڈ
Aquae destil. f ℥ vi	۶ اونس	ڈسٹلڈ واٹر

A tablespoonful every two hours.

سبکو ملا کر ایک ایک ٹیبل اسپون فل دو دو
گھنٹہ بعد چار ڈرام پانی میں آمیز کر کے دیں ۔

لڑکوں کو ڈائریا یعنی جو بچوں کو ہو یہ نسخہ مفید ہوتا ہے

نسخہ

Rx

Plumbi acetatis gr xii	۱۲ گرین	ایسیٹیٹ آف لیڈ
Liqr. morphiae acetatis m xl	۴۰ منم	سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف مارفیا
Acidi acetici dil. f ʒ i	ایک ڈرام	ڈائیلیوٹ ایسیٹک ایسڈ
Aquae destill. f ℥ iij	۳ اونس	ڈسٹلڈ واٹر

M.

A teaspoonful every five hours &c. to a child of one year.

بقدر ایک ٹی اسپون فل ہر پانچ یا چھ یا آٹھ گھنٹہ بعد ایک برس کے بچہ کو دیویں ۔

W. Sedgwick M.R.C.S. ڈاکٹر سیجوک صاحب

فرماتے ہیں کہ ڈائیلیوٹ سلفورک ایسڈ بقدر نصف ڈرام قدرے شربت نارنگی میں ملا کر اور تیرہ اونس پانی میں خوب آمیز کر کے کالرا ڈائریا اور ہیضہ کے پہلے درجہ میں پلانا بہت سلفیورک ایسڈ کے مرض کے روکنے کے لئے زیادہ مفید ہے ۔

G. Johnson M.D. ڈاکٹر جانسن صاحب

فرماتے ہیں کہ ہیضہ میں خارج ہونیوالی رطوبت کو فی الفور احتیاطاً روکنا ایسا ہی مضر ہے جیسا کہ چیچک کے دانوں کو نکلنے سے روکنا ۔ بیشبہ جس مریض کو اسطرح ایک دو دفعہ خوب پاخانہ ہو پانی پلانا مفید ہوتا ہے تاکہ امعاء سے بالکل زہر خارج ہو جائے اور قے ہونے سے ... لگانا اور ... سے معلوم ہو جاتا ہے ۔

اگر امعاء کا فعل ضعف کی وجہ سے کم ہوگیا ہے تو جو شئی یا تو مضر و مہلک مادہ امعاء میں جمع

کالورس یا ملیریا کی علامات نمودار ہوں تو فوراً ایک ٹیبل اسپون فل کیسٹر آئل عرق لیموں یا نارنگی
یا آب سرد یا اور کسی شے کے ساتھ دیں اور اگر قے ہو جاوے تو آدھ گھنٹہ تک مریض کو
چپ چاپ پلنگ پر لٹائے رکھیں تاکہ یہ جو معدہ میں ہے نکل جائے اور ایک دو گھنٹہ
میں اس کا خوب اثر ہو جائے۔ اس کے بعد ایک ٹیبل اسپون فل برانڈی تھوڑے ارارو ٹ یا گرم دودھ
یعنی بیج کے ساتھ دیں اور ضعف کی زیادتی وجہ سے دیا جاتا ہو تو پانچ سے دس قطرہ ٹنکچر
لاڈنم آب سرد میں ملا کر پلائیں۔ طریق مذکورہ بالا سے بعض مریضوں کو جلد فائدہ
ہوا ہے۔

بجائے کیسٹر آئل پندرہ گرین ریوند چینی کا سفوف یا آدھا ڈرام اس کا ٹنکچر دے سکتے ہیں
اگر روغن بید انجیر کا استعمال کرنا ہو اور قے ہوتی ہو تو بہت سا آب گرم پلا کر خوب قے کرائیں
اور اگر غثیان ہو اور قے نہ ہوتی ہو خصوصاً جب معدہ میں خراب یا غیر منہضم غذا موجود ہو
تو بیس گرین اپیکاک یا ایک چائے کا چمچہ بھر کر رائی یا اتنا ہی نمک دیں تاکہ قے ہو جائے
اسہال کی تحریک کے لئے قلیل المقدار افیون دے سکتے ہیں لیکن جب خون میں زہر اور امعا میں
مضر مادہ جمع ہو مثلاً ہیضہ کے اسہال کے پہلے درجہ میں افیون کا دینا سخت [illegible]

John Murray M.D.
ڈاکٹر مرے صاحب
فرماتے ہیں کہ خراش اور غیر منہضم غذا امعا میں جمع ہونے سے اسہال ہو تو اسے فوراً نکال دیں
اور باوجود دست و قے ہونے کے بھی جو وہ نکل گئے ہوں اور دستوں کے روکنے کی ضرورت ہو

یہ نسخہ مفید ہے

نسخہ

[illegible]
Pulv. Opii gr. | اوپیم پوڈر ایک گرین

پیپرس ۳ گرین Piperes gr 3

ہینگ شدہ ۳ گرین Asafoetida gr 3

سبکو ملاکر ایک گولی بنا کر دیدیں + To make one pill

بلا ضرورت بھی گولی مذکور کے دینے سے نقصان نہیں ہوتا بلکہ اس سے دست بند اور ریح خارج ہوتی ہیں - اور ڈاکٹر کے آنے تک مرض رکا رہتا ہے بلکہ بہت سے مریضوں کو فائدہ ہو جاتا ہے اگر دست جاری رہیں تو بار بار گولی مذکور دے سکتے ہیں +

ان گولیوں کا ہر گھر میں موجود رہنا چاہیے تاکہ فوراً کام میں آجائیں کیونکہ علاج میں دیر ہونے سے مرض حد سے تجاوز کر جاتا ہے +

بعض ڈاکٹر سیاہ مرچ کی نسبت سرکہ [illegible] کا استعمال کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں اور جنکا نسخہ یوں اسمیں ملا دیتے ہیں +

ڈاکٹر اسکوٹ صاحب Dr [illegible]

